ABC CERTIFIED | Member CPNE
روزنامہ کراچی کی آواز
Daily KARACHI 21
21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ
جلد نمبر 7 | پیر 27 شعبان المعظم 1444ھ 20 مارچ 2023ء | شمارہ نمبر 321

ہنگامہ آرائی عمران سمیت 17 رہنماؤں پر مقدمات

قتل پلان تیار

مجھے گرفتار کر کے بلوچستان جیل میں لے کر جانا تھا

تاکہ میں اپنے کسی پارٹی رہنما کو ٹکٹ جاری نہ کر سکوں

مریم نواز ملک میں انتشار پھیلا رہی ہے، عمران خان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) | کے چیئرمین عمران خان نے کہا کہ ان کا مقصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

زمان پارک سیاسی کارکنان نہیں کالعدم تنظیم کے لوگ ہیں

تربیت یافتہ دہشتگرد

ہنگامہ آرائی کرنے والے سیاسی دہشت گرد ہیں

عمران خان نے تمام کالعدم تنظیم کے لوگوں کو بھرتی کیا

ٹوئیٹر پر ویڈیو پوسٹ کر دی، عوام آخور سے دیکھیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر مریم | خواتین زمان پارک آپریشن کی تصاویر اور ویڈیوز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ایک کروڑ کا ڈاکہ، پولیس نے 50 لاکھ چوری کا مقدمہ درج کر لیا

مدعی پر تشدد

سی سی ٹی وی نے پولیس کی دو نمبری کا بھانڈا پھوڑ دیا

طلائی زیورات، قیمتی گھڑیاں، لاکھوں نقدی لوٹی گئی تھی

DSP نیپئر نے محمد عربی کو اپنے کمرے میں بند کر کے مارا

کراچی (کرائم رپورٹر طاہر عباسی) اغلبہ جوئی | پولیس تاجروں پر دھمکی کی بجائے چوری کے واقعات | کے اندراج کیلئے دباؤ بڑھانے لگی | ڈی ایس پی | درخشاں کا مدعی پر تشدد کا بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

درخشاں پولیس نے عبدالرشید کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا

رکشہ ڈرائیور قتل

گزری میں تاجر شرد کمار کی دکان میں سوا کروڑ کا ڈاکہ ہوا تھا

ملزمان عبدالرشید کے رکشے میں فرار ہوئے تھے، پولیس نے رشید کو گرفتار کیا تھا

پولیس نے رکشہ ڈرائیور کی ہڈیاں توڑ دیں، حالت نازک ہونے پر گھر والوں کے حوالے کر دیا

کراچی (کرائم رپورٹر طاہر عباسی) گزری میں | موبائل فون کی دکان پر سوا کروڑ روپے کی واردات ہوئی | کمارا مل جوتا کا پولیس پر دباؤ بڑھنے لگا | پولیس نے بڑھتے | دباؤ پر ملزمان کا اعتراف کر لیا، کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سازش ناکام ہو گئی

پیپلز پارٹی کی سازش کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے

کراچی کا میئر جماعت اسلامی کا ہی ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی | سازش کامیاب نہیں ہوئی، کراچی کا میئر جماعت | اسلامی ہی کا ہوگا، تغیر کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9) | کراچی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی کی کوئی

وفاقی کابینہ نے

چیئرمین نیب کی تنخواہ اور

مراعات کی منظوری دیدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ کی | جانب سے چیئرمین نیب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

بلوچستان 10 افراد لقمہ اجل

بارش سیلاب

خضدار، قلات، کوئٹہ، پارکھان میں تباہی

آواران میں بارش اور سیلاب سے زندگی اجیرن

بلوچستان (بیورو رپورٹ) سمان بلوچ | بلوچستان | آبدوز سیلاب کے باعث 10 افراد جاں بحق ہو | گئے۔ بلوچستان کے ضلع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7) | کے ضلع آواران اور ڈوب میں بارشوں کے بعد

کراچی ایئرپورٹ کارگو

ٹرمینل کی سیکیورٹی بہتر

بنانے کے اقدامات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سول ایوی | ایشن اتھارٹی (سی اے اے) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اتحادیوں کا اجلاس طلب

موجودہ صورتحال پر غور اور حاوہ خیال کیا جائے گا

اتحادی جماعتوں سے رابطے شروع کر دیے گئے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز | شریف نے موجودہ سیاسی صورتحال پر اتحادی جماعتوں | کا اہم اجلاس طلب کرنے کا فیصلہ کر لیا، تفصیلات کی | رپورٹ کے مطابق وزیر اعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

GFS BUILDERS & DEVELOPERS
GFS Villas
DHA CITY KARACHI
INVEST IN YOUR FUTURE TODAY!
BOOKING ON 10%
ONE UNIT VILLAS 125 SQ. YDS
3 YEARS PAYMENT PLAN
DHA CITY SECTOR 14-B
BRAND OF THE YEAR AWARDS 2021
0800-43700
0302-8255578 | 0301-1155760
@BUILDERSGFS | WWW.GFSBUILDERS.COM.PK

پنجاب میں قانون پر عمل درآمد یقینی بنائیں

ہم نے ہمیشہ اداروں، عدالتوں کا احترام کیا

لاہور (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے قائد | نواز شریف نے وزیر اعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ایک ساتھ الیکشن ہوں گے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ رانا | ثنا نے کہا ہے کہ ہماری کوشش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

عدالتی احکامات نظر انداز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک | انصاف پی ٹی آئی کے رہنما (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پولیس نے منشیات گٹکا ماوا مافیا کیخلاف ایک ماہ کے دوران نمایاں کامیابیاں حاصل کیں

جرائم کیخلاف پولیس جنگ کرے

شہید بینظیر آباد پولیس نے منشیات میں ملوث 35 گٹکا ماوا والے 52 ملزمان کو جیل روانہ کیا

سائبرکرائم پولیس نے 71 منشیات، 215 گٹکا ماوا فروش، مجموعی طور پر 253 ملزمان کو گرفتار کیا

کراچی (نمائندہ خصوصی) صفدر محمود آرائیں | آئی جی سندھ غلام نبی میمن کے خاص انکشافات کے | اطلاع میں خفیہ پولیس نے منشیات/گٹکا ماوا مافیا | کے خلاف آپریشن کے دوران ایک ماہ میں نمایاں | کامیابی حاصل کیں۔ رپورٹ کے مطابق | شہید بینظیر آباد پولیس رینج اور اس کے تمام | تھانہ میں خفیہ پولیس نے منشیات میں 35 گٹکا ماوا | میں 52 سمگلر پولیس نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

بلوچستان سیلاب سے ہلاکتوں پر اظہار افسوس

متعلقہ حکام اپنا کردار ادا کریں، بلاول بھٹو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خارجہ بلاول | بھٹو کا کہنا ہے کہ بلوچستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

دہشتگردوں سے بات نہیں ہوگی

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات و | نشریات مریم اورنگزیب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ایٹمی بیان کیوں دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک | انصاف (پی ٹی آئی) کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

شہداء کو خراج تحسین

کراچی میں دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری، اغوا برائے تاوان میں نمایاں کمی آئی ہے

ڈی جی رینجرز کا ناتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کا دورہ تاجروں سے ملاقات

کراچی (نمائندہ خصوصی) صفدر محمود آرائیں | ڈی جی رینجرز سندھ میجر جنرل انعم فاس نے ناتھ | کراچی ایسوسی ایشن آف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

شہنشاہ جذبات

اداکار محمد علی کو دنیا چھوڑے

17 برس گزر گئے

لاہور (شوبیز رپورٹر) ہمہ جہتی صلاحیتوں کے | مالک، آواز کے | اداکار چاند چہرہ پھول جیسی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

سائیٹ سپرہائی وے
شبیر سرعام قتل
3 افراد زخمی

صنعتی ایریا آخا خیل گوٹھ کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ کر کے شبیر کو ماردیا

ڈکیتی مزاحمت پر 3 افراد گولیوں سے چھلنی ہوگئے، حالت تشویشناک ہے

کراچی (کرائم رپورٹر/ندیم اسلم) شہر قائد میں فائرنگ کے واقعات میں ایک شہری جاں بحق اور 5 شہری زخمی ہوگئے جبکہ ڈکیتی مزاحمت کے دوران ایم کیو ایم پاکستان کے کارکنان سمیت 6 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سائٹ سپر ہائی وے صنعتی ایریا کے علاقے آخا خیل گوٹھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

امیر جماعت اسلامی سراج الحق باڑہ میں قبائل امن کارواں کے پانچویں روز جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

زمان پارک میں آپریشن پاگل پن

عمران خان کے گھر پر آپریشن بلا جواز تھا

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ماہرہ خان زمان پارک آپریشن کے لیے اپنائے گئے طریقے کار پر برہم ہوگئیں۔ گزشتہ روز جب عمران خان بطور پارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

دو بدو فائرنگ
817 ملزمان پکڑے گئے

23 پولیس مقابلے رپورٹ، ایک ڈکیت ہلاک 27 کو زخمی حالت میں گرفتار کیا

مختلف اقسام کے 144 ہتھیار اور 50 چھینی گئی موٹرسائیکلیں برآمد کر لی گئیں

کراچی (کرائم رپورٹر) پولیس کے شہر میں چھاپے، ٹارگٹڈ کارروائیاں اور دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے 817 ملزمان پکڑے گئے 23 مقامات پر پولیس مقابلے رپورٹ، ایک ڈاکو ہلاک 27 کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا۔ مختلف اقسام کے 144 ہتھیار، 50 چھینی گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

حجاج کرام کے لئے انتظامات کرنے والے سعودی وفد کا گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

مجاہد عبدالقیوم کو سلام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد ثروت اعجاز قادری نے کہا ہے کہ ناموس مصطفیٰ کے تحفظ کیلئے جان نچھاور کرنیوالوں کا نام تاقیامت تک چمکتا رہیگا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کورنگی 2 قاتل دھر لئے گئے

پولیس کو مطلوب عبدالستار اور لیاقت کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا گیا

ملزمان نے پلاٹ کے تنازعہ پر احمد کو قتل کیا تھا، چرس بھی برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر/ایاز قریشی) کورنگی ایس ایچ او ملک عامر کی اسٹریٹ کرائم اور پلاٹ کے تنازعہ پر قتل کے مقدمے میں دو نامزد مطلوب و اشتہاری ملزمان اسلحہ سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

دسویں حب جیپ ریلی تیمور خواجہ نے جیت لی

حب جیپ ریلی میں 75 گاڑیوں اور 50 موٹر سائیکل سواروں نے حصہ لیا

حب (رپورٹ/عدنان بلوچ) دسویں حب جیپ ریلی کراس میں تیمور خواجہ نے ریس جیت کر ٹرافی اپنے نام کر لی، خواتین کیٹگری میں پہلی پوزیشن دینا ٹپیل نے حاصل کی، حب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پی ٹی آئی رہنما امجد خان نیازی اور 60 کارکنان کو اڈیالہ جیل بھیجنے کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جوڈیشل کمپلیکس ہنگامہ آرائی کیس میں اسلام آباد کی مقامی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما امجد خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب پریس کانفرنس کر رہی ہیں

بدین، اسٹیمپ وینڈر کی جانب سے مطالبات کی منظوری کیلئے احتجاج

سب رجسٹرار آفس میں بہانوں سے پریشان کیا جاتا ہے، مظاہرین

بدین (رپورٹر محمد علی بلیدی) بدین اسٹیمپ وینڈر کی جانب سے درپیش مسائل مشکلات اور مطالبات کی منظوری کے لئے مظاہرہ تفصیلات کے مطابق سب رجسٹرار آفس میں کمیشن کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم شہباز شریف نے اتحادی جماعتوں کا اجلاس طلب کرلیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے سیاسی صورتحال پر غور کیلئے اتحادی جماعتوں کا اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

KDA راشی کلرک
سرکاری پلاٹس فروخت کرنے لگا

کورنگی میں کلرک رضا سرکاری پلاٹس، ویکینٹ پلاٹ کی فائلیں بنا کر فروخت کرتے لگا

سرکاری خزانے کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا رہا ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، ذرائع

کراچی (نمائندہ خصوصی/صفدر محمود آرائیں) کورنگی میں سرکاری افسران ہی سرکاری اراضی اور ویکینٹ پلاٹ کو بیچنے اور جعلی فائلیں بنانے کے مشکمان بن گئے محکمہ KDA کورنگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

گھوٹکی، پولیس مقابلے کے بعد 9 مغوی ڈھولچی بازیاب

چنیوٹ کے ڈھولچیوں کو رحیم یار خان سے اغواء کیا گیا تھا، کروڑوں روپے تاوان طلب کیا گیا تھا

گھوٹکی (بیورو رپورٹ) سندھ کے شہر گھوٹکی میں رحیم یار خان سے اغواء کیے گئے چنیوٹ کے 9 ڈھولچیوں کو بازیاب کرالیا گیا۔ پولیس کے مطابق مغویوں کو 20 روز قبل شادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سنگین نتائج کی دھمکیاں ملنے لگیں

ڈراما تیرے بن میں حیا کا کردار ادا کرنے پر ہراساں کیا جا رہا ہے

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی مشہور و معروف اداکارہ سعید فاروق کو دھمکیاں ملنے لگیں۔ حال ہی میں اداکارہ سعید فاروق نے سوشل میڈیا کی فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ڈھائی ماہ ڈاکو راج برقرار رہا
26 افراد قتل
10 ہزار 2 سے زائد موٹر سائیکلیں چوری اور چھین لی گئیں 5 ہزار 6 سو موبائل فونز جھپٹ
450 شہری گاڑیوں سے محروم ہوگئے

کراچی (نمائندہ خصوصی/صفدر محمود آرائیں) ڈھائی ماہ میں کراچی میں بدترین ڈاکو راج نے خوف مزید بڑھا دیا 26 افراد جان سے گئے 450 سے زائد گاڑیاں 10 ہزار 200 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

خوبصورتی کے سوشل میڈیا پر چرچے

سوشل میڈیا پر شیئر تصاویر مداحوں کی توجہ کا مرکز

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی مشہور و معروف اداکارہ ہانیہ عامر کی تصاویر سوشل میڈیا پر پھیلی ہوئی ہیں جو کہ مداحوں کی توجہ کا مرکز بنی دکھائی دے رہی ہیں۔ حال ہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پاک سعودی مضبوط تعلقات

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے حجاج کرام کیلئے انتظامات کرنے والے وفد کی ملاقات

کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے، سرمایہ کاروں کے لئے بہترین مواقع موجود ہیں، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے پاکستانی حجاج کرام کے لئے انتظامات کرنے والے سعودی عرب کے وفد نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی اقتصادی تعلقات، ان کے فروغ کے لئے اقدامات، پاکستانی حجاج کرام کو بہتر سہولیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کاروباری برادری افراد ملک کو معاشی بحران سے نکالیں کامران خان ٹیسوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ایڈمنسٹریٹر ڈی ایم سی ایسٹ سید شکیل احمد یوسی 25 کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا معائنہ کر رہے ہیں

تعمیراتی میٹریل مہنگا، زیر تعمیر پراجیکٹس کی لاگت بڑھ گئی، الاٹیز پریشان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معاشی بحران کے اثرات کے باعث تعمیراتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

نظام عدل پر سوال

ملک کے نظام عدل میں انصاف خود کٹہرے میں ہے اس کو انصاف کبھی نہیں ملا، وزیر بلدیات سندھ

انصاف صرف اس کو ملا جنہوں نے ناانصافی کی تمام حدیں پار کیں، ناصر حسین کا دلچسپ تبصرہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ ناصر شاہ نے کہا ہے کہ ہمارے ملک کے نظام عدل میں انصاف خود کٹہرے میں ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

سندھ، ملز مالکان نے آٹے کی فی کلو قیمت میں 10 روپے کی کمی کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حالیہ ہفتوں میں قیمتوں میں ریکارڈ حد تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

عمران خان نے ڈنڈا بردار فورس بنالی، سعید غنی

پاکستان میں ایک ہفتے میں ہونے والے واقعات قابل مذمت ہیں، وزیر محنت سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر محنت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ پاکستان میں پچھلے ایک ہفتے میں ہونے والے واقعات قابل مذمت ہیں۔ ایک بیان میں سعید غنی نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

بھٹو برسی رات میں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینیٹر نثار کھوڑو نے بتایا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو کی برسی 4 اپریل کو گڑھی خدا بخش میں ہوگی۔ نثار کھوڑو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ رمضان کی وجہ سے برسی کا پروگرام رات میں ہوگا۔ انہوں نے زمان پارک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

نارووال میں بینظیر سینٹر کا افتتاح

نارووال (بیورو رپورٹ) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن شازیہ مری نے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال نارووال میں بینظیر نشوونما سینٹر کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ورلڈ فوڈ پروگرام کی نمائندہ ڈاکٹر عابدہ خان نے دونوں وزراء کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ڈائریکٹر جنرل سندھ فوڈ اتھارٹی آغا فخر کا دعوت اسلامی کے مرکز فیضان مدینہ کا دورہ کے موقع پر حاجی محمد امین عطاری سے بات چیت کر رہے ہیں دوسری جانب شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

زمان پارک ہنگامہ آرائی پی ٹی آئی قیادت اور کارکنوں پر تین مقدمات درج

لاہور (بیورو رپورٹ) زمان پارک آپریشن کے دوران ایلیٹ فورس کی گاڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

نارتھ کراچی
3 ایم کیو ایم کے کارکن چھلنی

ہفتے کی شب کارکنان جلسے سے گھر واپس جارہے تھے، ڈاکوؤں نے گھیر لیا

مسلح لٹیروں نے مزاحمت پر فرحان، ادریس اور عمر کو گولیاں ماردیں

کراچی (کرائم رپورٹر/ساگر جنید قریشی) ہفتے کی شب ایم کیو ایم کے پاور شو کے بعد گھر لوٹنے والے تین کارکنان ڈکیتی مزاحمت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

شہزادی رائے کو دھمکانے والا ملزم عدالتی ریمانڈ پر جیل منتقل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے جوڈیشل مجسٹریٹ نے خواجہ سرا رہنما (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا موٹر سائیکل، رکشہ کیلئے پٹرول پر فی لیٹر 50 روپے سبسڈی دینے کا اعلان

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے موٹر سائیکل، رکشہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

حادثات ایک ہلاکت
4 افراد کی لائیٹں ملیں

2 دریا پر ریس لگاتے ہوئے 18 سالہ قاسم خان چل بسا، لاش اسپتال منتقل

حیدری مارکیٹ کے قریب ٹریفک حادثے میں پولیس اہلکار زخمی ہوگیا، اسپتال پہنچادیا گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) دوریا میں موٹر سائیکل ریس کے دوران ٹریفک حادثے میں ایک نوجوان جاں بحق اور ایک شدید زخمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پولیو وائرس خاتمہ مشن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر قومی صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ فرانسیسی ڈویلپمنٹ ایجنسی (ایف ڈی اے) کا پاکستان میں پولیو کے خاتمہ کے اقدام کے لئے 55 ملین ڈالر کی فنڈنگ کا اعلان خوش آئند ہے، جس کے ساتھ فرانسیسی ترقیاتی ادارہ پاکستان میں پولیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ناراض لوگوں کو مناؤں گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ پچاس سالہ سیاسی سفر میں کبھی ملک کے اتنے پیچیدہ حالات نہیں دیکھے، حکومت نیشنل ڈائیلاگ شروع کرے ناراض رہنماؤں کو خود جا کر مناؤں گا۔ اسلام آباد میں پاکستان مسلم لیگ کی مرکزی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

نارتھ کراچی سیکٹر 7/D
عزیز آباد، بلال کالونی، سچل، عوامی کالونی اور سرسید میں پولیس مقابلے، 6 لٹیرے ہاف فرائی
گارڈ نے ڈاکو مار ڈالا

کراچی (کرائم رپورٹر/ساگر جنید قریشی) لٹیروں کا عوام پر وار، پولیس اور محافظوں کا جوابی وار۔ ایک ڈاکو مارا گیا، دوطرفہ فائرنگ کے تبادلے میں 6 ڈاکو زخمی حالت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پبلشر و پرنٹر محمد سعید شاہ نے ابن حسن آفسٹ پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ کراچی 21 نیوز 25/B داتاری ولاز پلاٹ نمبر FT-1/13 مین کلفٹن روڈ فریئر ٹاؤن کراچی سے شائع کیا

کراچی کی آواز
روزنامہ Daily KARACHI 21
کراچی 21 NEWS
چیف ایڈیٹر محمد سعید شاہ

مہنگائی نے عوام کے ہوش اڑا دیئے

رمضان سے قبل عوام کی زندگی عذاب

ملکی تاریخ میں پہلی بار آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 3100 روپے تک پہنچ گیا ہے اور کراچی کے شہری سب سے مہنگا 155 روپے کلو آٹا خریدنے پر مجبور ہیں' ادارہ شماریات نے آٹے کی قیمتوں کے اعداد و شمار جاری کردیے ہیں

ایڈریس:۔ ہاؤس نمبر B-25 داتاری ولا پلاٹ نمبر FT-1/13 مین کلفٹن روڈ فریئر ٹاؤن کراچی۔ فون نمبر 021-35877601-35877603
Email.karachi21news@gmail.com

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رمضان سے پہلے آخری اتوار میں مہنگائی نے بازاروں کا رخ کرنے والوں کے ہوش اڑا دیئے، تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، شہریوں نے شکایت کی کہ سرکار نے جس چیز پر 10 روپے بڑھائے، منافع خور اس چیز پر 20 اور 30 روپے اضافی وصول کر رہے ہیں۔ شہریوں نے کہا کہ کہیں کوئی چیک اینڈ بیلنس کا نظام موجود نہیں، عوام کو مزید پریشان کرنے والے منافع خوروں کو کنٹرول کیا جائے۔ ملکی تاریخ میں پہلی بار آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 3100 روپے تک پہنچ گیا ہے اور کراچی کے شہری سب سے مہنگا 155 روپے کلو آٹا خریدنے پر مجبور ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ادارہ شماریات نے آٹے کی قیمتوں کے اعداد و شمار جاری کردیے ہیں جس کے مطابق ملک کی تاریخ میں آٹا کی قیمت ریکارڈ بلندی پر پہنچ گئی ہے اور 20 کلو آٹے کا تھیلا 3100 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ شہر قائد کے باسی سب سے مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور ہیں اور وہ ایک کلو آٹا 155 روپے میں خرید رہے ہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق ...

عمران خان کی مخالفت اور مریم نواز کی خواہشات

تحریر: نعیم شاہد

پولیو کا پہلا کیس

پاکستان میں رواں سال کا پہلا پولیو کیس صوبہ خیبر پختونخوا سے رپورٹ ہوا ہے۔ خبروں کے مطابق تین سالہ متاثرہ بچے کا تعلق ضلع بنوں سے ہے۔ یہ کیس ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب فرانسیسی ایجنسی برائے ترقی (ایف اے ڈی) اور بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن (بی ایم جی ایف) کے وفود پولیو کے خاتمے کی کوششوں کا تجزیہ کرنے کے لیے ملک میں موجود ہیں۔ وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایف اے ڈی اور بی ایم جی ایف کے نمائندوں نے وفاقی وزیر صحت سے ملاقات بھی کی جس میں سماجی تحفظ اور صحت سے متعلق بالخصوص پولیو کے خاتمے کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل کا کہنا تھا کہ پولیو کی موجودگی سے پتہ چلتا ہے کہ یہ وائرس ہماری کمیونٹیز میں گردش کر رہا ہے اور ہمارے بچوں کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ رمضان اور عید قریب آنے کے ساتھ آبادی کی نقل و حرکت وائرس مزید پھیلنے کا خطرہ بڑھا سکتی ہے اس لیے ضروری ہے کہ والدین اپنے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے ذمہ داران کے مطابق انسداد پولیو کی مہم کو خاص طور پر مارچ میں اس لیے شروع کیا گیا ہے کیونکہ رمضان اور عید کی چھٹیوں کے دوران لوگوں کی آمد و رفت زیادہ ہوتی ہے۔ سندھ اور پنجاب میں 13 مارچ سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کے دو کروڑ 15 لاکھ سے زیادہ بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جاتا ہیں۔ ساتویں قومی مردم شماری کی سرگرمیوں کی وجہ سے پانچ روزہ پولیو مہم دو مراحل میں مکمل کی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں 13 سے 17 مارچ کے دوران پنجاب کے 13 جبکہ سندھ اور اسلام آباد کے 16 اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر کے ایک کروڑ 74 لاکھ سے زائد بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے گئے ہیں، دوسرا مرحلہ تین سے سات اپریل تک مکمل کیا جائے گا۔ رمضان کے دوسرے ہفتے میں بلوچستان کے 12 جبکہ خیبر پختونخوا کے 26 اضلاع میں 41 لاکھ 20 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ 2021ء میں پولیو نے 20 بچوں کو معذور کر دیا تھا تاہم پاکستان میں ستمبر 2022ء کے بعد سے اس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا تھا۔ رواں برس جنوری میں لاہور کے دو الگ الگ مقامات سے ماحولیاتی نمونوں میں پہلی بار پولیو وائرس کی تشخیص ہوئی جس کے بعد سے مزید دو نمونوں میں اس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے، ایک ڈیرہ اسمٰعیل خان جبکہ دوسرا نمونہ گھوٹکی کا تھا۔ ماضی میں بھی پولیو کا وائرس مختلف شہروں میں کہیں نہ کہیں سے متاثر رہا ہے جس کی وجہ سے پولیو فری پاکستان کا خواب آج تک شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکا۔ دنیا بھر سے اگرچہ اس کا خاتمہ کر دیا گیا ہے لیکن بدقسمتی سے صرف افغانستان اور پاکستان وہ ممالک ہیں جہاں پولیو آج بھی موجود ہے اور بچوں کے لیے خطرہ بنا ہوا ہے۔ 90ء کی دہائی کے اوائل میں رپورٹ ہونے والے 20 ہزار کیسوں کی نسبت پولیو کیسوں کی تعداد میں 99 فیصد سے زیادہ کمی آ چکی ہے تاہم اس کا مکمل خاتمہ نہیں کیا جا سکا۔ 2021ء کے دوران پاکستان کے جنوبی صوبے بلوچستان کے شہر قلعہ عبداللہ سے تعلق رکھنے والے ایک بچے کے جسم سے حاصل کیے گئے نمونوں میں پولیو کے جراثیم پائے گئے تھے۔

کورنگی انڈسٹریل ایریا میں مہاجر ورکروں سے ناروا سلوک کا انکشاف

آل کراچی ریڈیو اینڈیٹ کمیٹی پاکستان کی جانب سے مذمت کا اظہار، متعلقہ نمائندوں سے نوٹس لینے کا مطالبہ

وفاقی اردو یونیورسٹی کے ایوانِ دوستی میں سیمینار کا انعقاد

ایوانِ دوستی میں ہونے والے سیمینار کی صدارت ڈاکٹر یاسمین سلطانہ نے کی

پاکستانی خواتین انتہائی باصلاحیت ہیں' تنویر احمد

نبی رحمت کی تعلیمات پر عمل کرکے کامیابی ہوگی' مفتی جنید باجوہ

منشیات کے خاتمے کیلئے ساحل سمندر پر آگاہی ریلی کا انعقاد

مشکلات اور پریشانیوں کا سبب دین سے دوری ہے، مفتی زبیر صدیقی

عمران خان ملک کیلئے سکیورٹی رسک بن چکے ہیں' خواجہ غلام شعیب

شاپ ایکسپو 2023 میں عوام امڈ آئی، شخصیات کا خراج تحسین

یورپی یونین پاکستانی اشیاء کیلئے سب سے بڑی برآمدی منڈی ہے، زبیر طفیل

مڈل کلاس افراد کی اتنی تنخواہیں نہیں ہیں جتنی مہنگائی ہو چکی ہے' علامہ شبیر حسن میثمی

حکومت مہنگائی کو روکنے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے کوئی ریلیف پیکیج عوام کو نہیں دیا جا رہا

اہم ٹیلیفون نمبرز

پولیس ہیلپ لائن	15
ٹریفک ہیلپ لائن	1915
موٹروے پولیس	130
بم ڈسپوزل اسکواڈ	99212680
فائر بریگیڈ	021-99215007-08
ایدھی فاؤنڈیشن	115
چھیپا فاؤنڈیشن	1020
خدمت خلق فاؤنڈیشن	34264572
جناح اسپتال	99201300-06
عباسی شہید اسپتال	99260400-5
سول اسپتال	992215740-6
لیاقت نیشنل اسپتال	021-4947017*8
ضیاء الدین اسپتال	021-6648239-8
ٹبی اسپتال	021-34968660
آغا خان اسپتال	021-34930051
قومی ادارہ امراض اطفال	021-99201261-2-3
فاطمید بلڈ فاؤنڈیشن	021-32225284
حسینی بلڈ بینک	021-32238406-08
فلائٹ انکوائری	114
ریلوے انکوائری	117 یا 99213565-66

بقیہ | کراچی 21 نیوز | 1

جوڈیشل کمپلیکس میں مجھے قتل کرنا یا گرفتار کر کے بلوچستان لیکر جانا تھا تاکہ میں اپنی پارٹی کے کسی فرد کو انتخابی ٹکٹ جاری نہ کر سکوں۔ اپنے ویڈیو خطاب کے دوران انہوں نے نگران حکومت پر انتقامی کارروائی کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ مجھے اکیلا کر کے جوڈیشل کمپلیکس تک پہنچایا جائے، نگران حکومت الیکشن کے علاوہ سب کچھ کر رہی ہے۔ عمران خان نے کہا کہ زمان پارک میں داخل ہونے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمے درج کرائیں گے۔ علاوہ ازیں پی ٹی آئی نے مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر پر بھی کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مریم نواز ملک میں انتشار پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب جب میں گھر سے باہر نکلا ہوں تو کیس کر دیتے ہیں اور کیس وہ لوگ کر رہے ہیں جو گزشتہ 30 برس سے پاکستان میں کرپشن کر رہے ہیں اور بڑے مجرم ہیں، سابق آرمی چیف نے چوروں کو ملک کی حکمرانی دے کر غداری کی ہے۔ عمران خان نے نگران گورنر پنجاب محسن نقوی پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جو شخص آصف علی زرداری کو باپ مانیں یا وہ انہیں بیٹا تسلیم کرے، اس کا کردار کیا ہوگا؟ اسی آصف علی زرداری کو نواز شریف نے چوری کے الزام میں جیل میں [illegible]